Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۱۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۶ جمادی الثانی ۱۳۳۶ھ مطابق ۸ اپریل ۱۹۱۸ء	نمبر ۱۴

فہرست مضامین

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۳ مارچ ۱۹۱۸ء

ذیل جناب اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری صاحب بہادر صاحب مہتمم بندوبست موضع منشی گوپی ناتھ صاحب میر منشی اجلاس ہمایون ممبر کمیٹی اوقاف ہنود دربارہ دریافت اس امر کے کہ معافیات یا حقیت جو کسی خدمت سے مثل خدمت مناد روا مستحق و خانقاہ یا مساجد یا تکیہ و زیارات وغیرہ اغراض خیر کے متعلق ہوں انکا اندراج بجائے نام محافظ یا پوجاری یا موذن وغیرہ کے مندر یا مسجد کے نام درج کرنا صورت بہتر ہے اور متولی و محافظ کا نام بخدمت سرکار بھیجا

رہنا بنظر مصالح انتظامی ضرور ہے اشخاص محافظ و نگران نے اس قسم کی جائدادون کو رہن اور بیع کرنا شروع کر دیا ہے آئندہ و انسداد ہے مقرون ملاحظہ ہو کر حکم ہوا کہ جو معافیات بوجہ خدمات مساجد و معابد و تکیہ و مزارات وغیرہ کے ہیں چونکہ وہ بعوض خدمت ہین اسیوجہ سے خدمتیون کے نام داخل خارج ہوتا ہے اگر مساجد و مشاہد وغیرہ کے نام درج کئے جاینگے تو صورت وقت کی پیدا ہو جائیگی موجودہ حالت مین تو یہ صورت ہے کہ اگر مسجد یا تکیہ یا مزار کسیوجہ سے باقی نرہا ہو تو خدمت کے تبادلہ مین جو معافی خدمتی کے پاس ہے وہ ضبط کر لینگے اس صورت مین یہ بات حاصل نہین ہو سکتی اور تبادل یا داخل خارج نام خدمتی بھی ہوگا پس موجودہ طریق داخل خارج بنام خدمتدار وخدمتی معافی دحقیت مین کسی ترمیم کی ضرورت نہین پائی جاتی صاحب مہتمم بندوبست ناظم صاحب و حاکم صاحب صدر و محافظ خانہ صدر و تحصیلات کو اطلاع دیجائے۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۳ اپریل ۱۹۱۸ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس رخصت اتفاقیہ دس یوم فدا علیخان انسپکٹر حلقہ منظور ہوئی۔

۳ اپریل ۱۹۱۸ء

حسب نوٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب پولیس رخصت رعایتی دس یوم حیدر علیخان سب انسپکٹر ملک بوجہ علالت منظور ہوئی۔

ترقی عہدہ

۶ اپریل ۱۹۱۸ء

حسب نشار حکم بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم وحکم حیدر خاں ملازم پولیس شاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار کا گریڈ اسسٹنٹ سب انسپکٹر کیا گیا

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع ۳ اپریل سنہ ۱۹۱۸ء

ظہری درخواست استعفائے امجد علی خان اہلمد عدالت سشن جج

منشی امجد علی خاں اہلمد سشن جج کا تاریخ ۰ اپریل سنہ حال سے استعفے منظور کیا گیا نام اُسکا ملازمت سے خارج کیا جائے۔ اور بجائے اہلمد ستونی لائق علی خاں اہلمد خفیہ امتحاناً چند ماہ کے لیے اہلمدی سشن جج پر مع تین روپیہ اضافہ تبدیل کیا جاتا ہے اگر اس مدت میں اُسکا کام ٹھیک ہوا رپورٹ آنے پر مستقل تنخواہ وجگہ مذکور کی نسبت حکم دیا جائیگا۔ اشرف علی خاں محرر متعینہ محافظ خانہ فوجداری بجائے لائق علی خاں باضافہ دو روپیہ ماہوار تبدیل کیا جائے۔ اور بجائے اشرف علی خاں مذکور فضل احمد خاں اپرنٹس عدالت اسسٹنٹی درجہ اول بشاہرہ دس روپیہ ماہوار امتحاناً برائے چھ ماہ مقرر کیا جائے۔ بعد ختم مدت رپورٹ آنا چاہیئے۔

لہذا حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب پولیٹ سکرٹری بہادر

اضافہ

۳ اپریل ۱۹۱۸ء

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص سید ابن علی روزنامچہ نویس پولیس سررشتہ کمیٹی ذات خاص کی تنخواہ موجودہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ ملازمت دیرینہ وحسن انجام خدمات منظور کیا گیا۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے یکم لغایت ۷ اپریل ۱۹۱۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶ ار		۵ ار	۵ ار	۵ ار	۵ ار	تحصیل شاہ آباد سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰۸ ار		۰۱۲ ار	۱۱ ار	۱۲ ار	۱۱ ار	
نخود کسہ آمیز	۱۰ ار		۱۳ ار	۱۳ ار	۱۳و۱۳ ار	۱۲ ار	
کسہ	۰۱۳ ار		۰۱۳ ار	۱۴ ار	۱۵ ار	۰۱۳ ار	
ماش	۰۷ ار		۰۷ ار	۷ ار	۷ ار	۰۷ ار	
مونگ	۰۷ ار		۷ ار	۰	۷ ار	۸ ار	
مکا	۱۳ ار		۱۴ ار	۱۳ ار	۱۴ ار	۱۴ ار	
جئی	۱۲ ار		۰	۰	۱۲۰	۱۵ ار	،
گوجئی	۰		۰	۰	۱۲ ار	۱۳ ار	
عدس	۱۱ ار		۱۰ ار	۰	۱۰ ار	۹ ار	
ارہر	۱۱ ار		۰	۰	۱۵ ار	۱۵ ار	
برنج	۶ ار		۶ ار	۶ ار	۶ ار	۶ ار	
روغن زرد	۰؍؍ار		۰؍؍؍ار	۰؍؍ار	۰؍؍ار	۰؍؍ار	
روغن سیاہ	۲؍ار		۲ ار	۲ ار	۲ ار	۲؍ار	
روغن کنجد	۱ ار		۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	
نمک سانبھر	۵ ار		۰۶ ار	۶ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	
نمک لاہوری	۶ ار		۵ ار	۶ ار	۸ ار	۸ ار	
قند سیاہ	۰۶ ار		۷ ار	۷ ار	۷ ار	۸ ار	
باجرہ	۱ ار		۵ ار	۰	۱۰ ار	۰	